StudentBounty.com

**Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 16

# SS–22-2–Urdu Sah. II

No. of Printed Pages - 7

SENIOR SECONDARY EXAMINATION 2011

Optional Group I — HUMANITIES

**URDU SAHITYA — Second Paper**

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 60

اُمیدواروں کے لئے عام ہدایات :

1. اُمیدوار سب سے پہلے سوالیہ پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2. سبھی سوالات لازمی ہیں۔

3. ہر سوال کا جواب دی گئی جواب کی کاپی میں ہی لکھیں۔

4. سوال نمبر 1 کے چار حصّے (i، ii، iii، iv) ہیں، ہر حصہ کے جواب کے چار متبادل (الف، ب، ج، د) ہیں۔
صحیح جواب کا حرف تہجی جواب کی کاپی میں حسبِ ذیل جدول بنا کر لکھیں۔

| سوال نمبر | صحیح جواب کا حرف تہجی |
|---|---|
| 1 (i) | |
| 1 (ii) | |
| 1 (iii) | |
| 1 (iv) | |

StudentBounty.com



1. (i) اشعار کا ایسا مجموعہ جس میں عاشقانہ مضامین کا بیان ہو، کیا کہلاتا ہے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) مرثیہ (ب) قصیدہ

(ج) غزل (د) رُباعی

(ii) مرزا اسداللہ خان غالبؔ کب اور کہا پیدا ہوئے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) 1869ء، دہلی میں (ب) 1796ء، آگرہ میں

(ج) 1798ء، لکھنؤ میں (د) 1890ء، رام پور میں

(iii) مثنوی ''سحرالبیان'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) میر غلام حسنؔ (ب) میر تقی میرؔ

(ج) پنڈت دیا شنکر نسیمؔ (د) مرزا شوقؔ لکھنوی

(iv) قصیدہ ''ساون میں دیا، پھر مہہِ شوّال دکھائی'' کس بادشاہ کی شان میں لکھا گیا ہے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) نواب آصف الدولہ (ب) اورنگ زیب

(ج) محمد شاہ ظفرؔ (د) بہادر شاہ ظفرؔ

StudentBounty.com



نوٹ :۔سوال نمبر 2 سے 5 تک کے جوابات ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیئے :

2. ''دیکھ اپنا حالِ زار منّجم ہوا رقیب''

شاعر کا حالِ زار دیکھ کر کون اُس کا رقیب بن گیا؟ 1

3. ''جس کف میں وہ گل ہو داغ ہو جائے''

اس مصرعہ میں بکاؤلی کسے بددُعاء دے رہی ہے؟ 1

4. ''بیٹے کو لوگ کہتے ہیں آنکھوں کا نور ہے''

لوگ آنکھوں کا نور کسے کہتے ہیں؟ 1

5. ''یہ روز عید ہے زاہد مہہ صیام نہیں''

اس مصرعہ میں ''مہہِ صیام'' کا مفہوم کیا ہے؟ 1

نوٹ :۔سوال نمبر 6 سے 9 تک کے جوابات مختصراً لکھیئے :

6. مولانا حسرتؔ موہانی کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟ 2

7. دبیرؔ کا پورا نام اور جائے پیدائش لکھیئے ۔ 2

8. رُباعی کی تعریف لکھیئے ۔ 2

9. رواںؔ کا پورا نام اور اُن کے شعری مجموعے کا نام لکھیئے ۔ 2

StudentBounty.com



10. مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کوئی چار اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: $4\times2\frac{1}{2}=10$

(i) کوئی ویرانی سی ویرانی ہے
دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا

(ii) کشتہ ہوں اُس کی چشم فسوں گر کا اے مسیح
کرنا سمجھ کے دعوے ـ اعجاز ـ دیکھنا

(iii) تردامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

(iv) غضب کیا ترے وعدے پہ اعتبار کیا
تمام رات قیامت کا انتظار کیا

(v) دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

11. مندرجہ ذیل ''مثنوی'' یا ''مرثیہ'' کے بند میں سے کسی ایک کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: 4

(الف) نظر جس کو آیا وہ ماہِ تمام
کیا اُس نے جھک جھک کے اُس کو سلام
دُعاء شاہ کو دی کہ بارِ الٰہ!
سدا یہ سلامت رہیں مہر و ماہ
یہ خوش اپنے مہہ سے رہے شہریار
کہ روشن رہے شہر، پروردگار

یا

StudentBounty.com



(ب) تسبیح گُناں، منھ میں زباں، آٹھ پہر ہے

گویا دہن غنچہ میں، برگِ گل تر ہے

کب غنچہ و گل برگ میں، یہ نور مگر ہے

یہ بُرج میں خورشید کے، ماہی کا گزر ہے

تعریف میں ہونٹوں کی، جو لَب تر ہوا میرا

دنیا ہی میں قابو، لبِ کوثر ہوا میرا

12. مندرجہ ذیل ''رُباعی'' یا ''قطعہ'' کے بند میں سے کسی ایک کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: 4

(الف) خالق نے جنھیں دیا ہے زر دیتے ہیں

زر کیا ہے خدا کی راہ میں گھر دیتے ہیں

اپنا سرمایہ ہے رکوع و سجدہ

سامان نہیں رکھتے ہیں سر دیتے ہیں

یا

(ب) دل کو برباد کیئے جاتی ہے

غم بدستور دیئے جاتی ہے

مر چکیں ساری اُمیدیں اخترؔ

آرزو ہے کہ جیئے جاتی ہے

StudentBounty.com



13. مندرجہ ذیل ''قصیدہ'' یا ''نظم'' کے بند میں سے کسی ایک کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: 4

(الف) زنجیر میں جوہر کے رہے تیغ ہمیشہ
خوں ریز کو ہو عہد میں تیرے نہ رہائی
دیتا ہے دُعاء ذوق کو مضمون ثنا میں
ہے ذہنِ رسا کو، یہ کہاں اُس کے رسائی
ہر سال شہا! ہو وے مُبارک یہ تجھے عید
تو مسندِ شاہی پہ کرے جلوہ نُمائی

یا

(ب) جس ساز کے نغموں سے حرارت تھی دلوں میں
محفل کا وہی ساز ہے بیگانۂ مضراب
بت خانے کے دروازے پہ سوتا ہے برہمن
تقدیر کو روتا ہے مسلماں تہہِ محراب
مشرق سے ہو بیزار، نہ مغرب سے حذر کر
فطرت کا اشارہ ہے کہ ہر شب کو سحر کر

StudentBounty.com



14. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیئے: 8

(i) چاندنی رات

(ii) اے شریف انسانو!

(iii) وادئ گنگا میں ایک رات

15. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے: 8

(i) مرزا اسداللہ خاں غالبؔ

(ii) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

(iii) اقبالؔ

16. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک صنفِ شاعری پر مفصّل مگر جامع نوٹ لکھئے: 8

(i) مرثیہ

(ii) قصیدہ

(iii) غزل